14418- نصرانی کو دعوت اسلام کیسے دی جائے

سوال

میں انٹرنیٹ پربات چیت کے ذریعے ایک شخص کواسلام کی دعوت دے رہاہوں جوایک یورپی ملک میں رہتا ہے اس کی عمراٹھارہ 18 برس ہے میں نے اسے اسلام کے متعلق بعض چیزوں کا بتایا ہے لیکن محسوس یہ ہوتا ہے کہ اپنے دین پر بہت سختی سے کاربند ہے اور آسانی سے مسلمان ہونے والا نہیں ۔

وہ پروٹسٹینٹ عیسائی ہے توکیا ممکن ہے کہ آپ کوئی اچھا سا طریقہ بتاسکتے ہیں جس پر چلتے ہوئے اسے دین اسلام کی دعوت دوں ؟

پسندیدہ جواب

اس سوال کا جواب دینے سے قبل میں یہ
کہنا چاہتا ہوں کہ مجھے سائل پر بہت خوشی ہے کہ وہ جدید الیکٹرانک آلات کمپیوٹر وغیرہ
کے ذریعہ دعوت الی اللہ کے کام میں مشغول ہیں جوکہ انبیاء ورسل کا کام ہے اس کام
پر سائل کواللہ تعالی جزائے خیر عطا فرمائے اوراسے اپنے صالح اور نیک بندوں میں لکھے ۔

وہ سوال جوآپ نے پیش کیا ہے اس کے
جواب میں ہم عرض کریں گے اس شخص اورہرایک کو دعوت دینے کے لیے سب سے بہترین اوراچھا
طریقہ وہ جس پر اللہ تعالی کا قرآن مجید کچھ اس طرح دلالت کررہا ہے :

**{اوراہل کتاب کے ساتھ بحث ومباحثہ
نہ کرو مگراس طریقہ پر جوعمدہ ہو}** العنکبوت (46) ۔

اورایک مقام پر قرآن مجید میں کچھ
اسطرح فرمان ہے :

**{اپنے رب کی راہ کی طرف لوگوں کو حکمت
اور بہترین نصیحت کے ساتھ بلائيے اوران سے بہترین طریقے سے گفتگو کیجئے}** النحل (125
) ۔

اوراس طریقے پر دعوت دی جائے جس کا حکم
اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کواس طرح دیا :

.{آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب! ایسی
انصاف والی بات کی طرف آؤ جو ہم میں اور تم میں برابر ہے کہ ہم اللہ تعالی کے سوا
کسی کی عبادت نہ کریں، اور نہ ہی اللہ تعالی کے ساتھ کسی کو شریک بنائیں اور نہ ہی
اللہ تعالی کو چھوڑ کر آپس میں ایک دوسرے کو ہی رب بنائیں ---}. آل عمران (64) .

-آپ اسے فطرتی پکار کے تقاضہ اللہ
تعالی کی توحید اور فطرت اور عقل کے منافی اور عقیدہ تثلیث کے ساتھ مخاطب کریں .

-آپ اس کے سامنے عیسی علیہ اور ان کی
والدہ کا مسلمانوں کے ہاں قدر منزلت اور شان مرتبہ بیان کریں، اور یہ بتائیں کہ وہ
اللہ تعالی کا بندہ اور اس کے رسول اور کلمہ ہیں جو اللہ تعالی نے مریم کی طرف ڈالا
اور اللہ تعالی کی طرف سے روح ہیں .

-آپ اس کے لیے یہ بیان کریں کہ آدم
علیہ السلام سے لیکر محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک اللہ تعالی کا دین ایک ہے جو کہ
اسلام اور اختلاف صرف شریعت میں رہا اور محمد صلی اللہ خاتم النبیین ہیں اور ان کی
کتاب قران مجید اس سے پہلے سب احکامات کی ناسخ اور صحیح عقائد اور خبروں کی تصدیق
کرنے والی ہے .

-اس کے سوالوں کا جواب آرام اور سکون
سے دیں، اور اگر ضرورت محسوس ہو تو اسے کچھ کتابیں احمد دیدات کی ویڈیو کیسیٹیں بھی دیں
.

اس سوال کا جواب فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر
احمد عبدالرحمن قاضی نے دیا جو کہ جامعہ امام محمد بن سعود قصیم کے مدرس ہیں .

اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ اسے اسی ویپ
سائٹ سے سوال نمبر (2690) جس کا عنوان
ایک عیسائی کے ساتھ سنجیدہ بات چیت ہے بھی ای میل کریں .

واللہ اعلم .